یہاں سے کاٹئے

# A

SL. No : R

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 47 ]
Total No. of Questions : 47 ]

**CCE RF**
**REVISED**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8
[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U** **Code No. : 85-U**

## ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ
## Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**
**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**
**( ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Fresh)**

ದಿನಾಂಕ : 29. 03. 2019 ] [ Date : 29. 03. 2019
ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-30 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER**
اس مقام سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولئے

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 47 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کانٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

**Tear here**

I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ 10 × 1 = 10

1. 1909 میں خصوصی انتخابی حلقہ جاری کرنے کی وجہ

(A) مسلمانوں کو مخصوص سیاسی مقام دینے کے لئے

(B) یوروپ کے لئے علحدہ انتخابی حلقہ جاری کرنا

(C) سکھوں کو مخصوص سیاسی مقام دینے کے لئے

(D) عیسائیوں کے لئے سیٹ ریزرویشن کرنا

2. پہلی اینگلو میسور جنگ ختم ہوئی

(A) معاہدہ میسور (B) معاہدہ مدراس

(C) معاہدہ منگلور (D) معاہدہ سری رنگا پٹن

3. اِن میں کون ہے جس نے 'نیوانڈیا' اخبار جاری کیا

(A) راجہ رام موہن رائے (B) مہاتما گاندھی

(C) اینی بیسنٹ (D) دیانند اسرسوتی

4. تنظیم اقوام متحدہ نے انسانی حقوق کا اعلان اِس سال کیا

(A) 1945 (B) 1950

(C) 1947 (D) 1948

5. اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا صحیح بیان ہے

(A) اِس کے 15 مستقل ممبر ہیں۔

(B) اِس کو اقوام متحدہ کی کابینہ بھی کہا جاتا ہے۔

(C) اِس کا صدر دفتر پیارس میں ہے

(D) حال ہی میں ہندوستان کو مستقل ممبرشپ مل گئی۔

6. ''نابیناک بھوک'' ہوتی ہے۔

(A) تغذیہ غذا (B) ناقص تغذیہ

(C) مالداروں کی بھوک (D) پرہیزی غذا (Diet) کا توازن

7. کالی مٹی خشک (سوکھی) کاشت کے لئے مناسب ہے کیونکہ

(A) یہ شدید بارش والے علاقوں میں پائی جاتی ہے

(B) اِس مٹی میں پانی کی نمی کو ضبط کرنے کی قوت نہیں ہے

(C) اِس مٹی میں پانی کی نمی کو ضبط کرنے کی قوت ہوتی ہے

(D) یہ چمکدار چٹانوں سے بنتی ہے

8. دامودر منصوبہ تعمیر کا نتیجہ ہے

(A) دامودر کا آفت بنگال نہ ہونا (B) زمین کے کھسکنے میں اضافہ

(C) زلزلے واقع ہونا (D) بہت سے صنعتوں کے علاقے شامل ہونا

9. براہ راست ٹیکس کی مثال ہے

(A) کسٹم ٹیکس (B) مرکزی جنگی ٹیکس

(C) اسٹامپ ٹیکس (D) سرویس ٹیکس

10. ایک شخص 15 لاکھ روپیوں کی کار خریدتا ہے۔ اب اِس میں کچھ مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مگر کار کی کمپنی والے جواب نہیں دے رہے ہیں تو یہ شخص کس اجنبی کو شکایت کرنا۔

(A) ضلعی گاہکوں کا منچ (B) ریاستی گاہکوں کا کمیشن

(C) قومی گاہکوں کا کمیشن (D) بین الاریاستی گاہکوں کا منچ

II. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **ایک** جملے میں دیجئے : 14 × 1 = 14

11. شدھی تحریک کو کیوں جاری کیا ؟

12. ہندوستانی سپاہیوں نے (رائفل) رائل انفیلڈ استعمال کرنے کی کیوں خلاف ورزی کی ؟

13. سردار ولبھ بھائی پٹیل کو ہندوستان کا مرد آہن کہا جاتا ہے۔ کیوں ؟

14. حکومت نے تبت پناہ گزینوں کے مسئلہ کو کس طرح حل کیا ؟

15. پہلی جنگ عظیم کے بعد امریکہ کی زراعتی علاقوں میں کمی آئی۔ کیوں ؟

16. تخفیف اسلحہ کسے کہتے ہیں ؟

17. ''دی ریپبلک'' کتاب کس نے لکھی ؟

18. دیوداسی رواج غیر انسانی ہے۔ کیوں ؟

19. ہندوستان کی کس ریاست میں سب سے زیادہ جنگلات کا علاقہ ہے ؟

20. ندیوں کے ڈیلٹاؤں اور ہندوستان کے مغربی ساحل کے کنارے کونسے جنگلات پائے جاتے ہیں ؟

21. کمپنیوں کی تعمیر کے لئے المونیم کی مانگ زیادہ ہے۔ کیوں ؟

22. آبادی کی کثافت سے کیا مُراد ہے ؟

23. 1993ء میں دستور کے 73 ویں ترمیم کیوں جاری کی گئی ؟

24. عالمی یوم صارفین کا دن کب منایا جاتا ہے ؟

III. مندرجہ ذیل سوالوں کا دو جملوں میں جواب دیں : 15 × 2 = 30

25. جنگ بکسر کی مدد سے انگریزوں کو بہت فائدے حاصل ہوئے۔ واضح کیجئے۔

26. عہد معاونت سے ہندوستان کی ریاستوں کو اپنے قابو میں کیسے کیا ؟

27. انگریزی فوج میں ہندوستانی سپاہیوں کی حالت افسوس ناک تھی۔ واضح کیجئے۔

28. درجہ ذیل سوالات کے جوابات اِس تصویر کے تعلق سے لکھئے :



(a) اس تصویر میں دی گئی شخصیت کا نام کیا ہے ؟

(b) ان کی لکھی ہوئی کتاب کا نام کیا ہے ؟

29. فاشسٹ کی خصوصیات کون کونسے ہیں ؟

یا


لینن نے روس کا صدر ہونے پر کون کونسے کارنامے انجام دیئے ؟

30. ہندوستان کو دنیا کے تمام ممالک میں سے ایک مضبوط (طاقتور) ملک قرار دیا گیا ہے۔ کیوں ؟

31. ہندوستان اور چین کے درمیان سرحدی تنازعہ ہونے کے باوجود وہ کیسے اپنے تعلقات قائم رکھے ہیں ؟

32. بے قابو بھیڑ کیوں سماجی سرگرمی ہوتی ہے ؟

33. جنوبی ہندوستان کے نقشہ میں طبعی حصوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ان کے نام اور کوئی دو معاشی اہمیت لکھئے۔



34. ہندوستان کی آب وہوا ایک علاقے سے دوسرے علاقے سے الگ ہوتی ہے۔ کیوں ؟

35. زراعت ہر حلقہ کی ترقی میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ کیسے ؟

36. آج کل توانائی کی قلت ہندوستان کا اہم مسئلہ بن گئی ہے۔ کیوں ؟

37. آج کل ریلوے نقل وحمل سے بہتر سڑکوں کی نقل وحمل ہے۔ وضاحت کیجئے ؟

38. انسانی ترقی کے اشاریے (HDI) معاشی ترقی کی جانچ کا صحیح پیمانہ ہے۔ سمجھایئے ؟

39. آفاقیت کے اثرات سے روایتی کھانوں اور عوامی صحت کی بگاڑ پیدا ہو رہی ہے۔ کیسے ؟

IV. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب چھ جملوں میں لکھئے : 6 × 3 = 18

40. ہندوستان کی تاریخ میں 18 ویں صدی کو سیاسی مسائل سے بھرپور صدی کہا گیا ہے۔ وضاحت کیجئے۔

**یا**

ہندوستان میں جاری کئے گئے انگریزی تعلیمی نظام کا قدم جدید اور عقلمند ذہنوں کو پیدا کرنا ہے۔ وضاحت کیجئے۔

41. بے روزگاری ہندوستان کا اہم مسئلہ ہے۔ کیوں ؟

**یا**

تنظیم اقوام متحدہ کے مقاصد کیا ہیں ؟ سمجھایئے۔

42. ہندوستان میں چھوت چھات کے خاتمہ کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کونسے ہیں۔ سمجھایئے ؟

**یا**

منظّم مزدوری کے شعبے کی خصوصیات لکھئے۔

43. ہندوستان کی معاشی ترقی میں صنعتیں کیسے مددگار ثابت ہوتی ہیں سمجھایئے ؟

**یا**

قدرتی اور انسانی قوتیں یہ دونوں زمین کے کھسکنے کا سبب کیسے بنتی ہیں ؟ سمجھایئے۔

44. ریزرو بینک آف انڈیا کے اہم کام کونسے ہیں ؟

**یا**

عوامی اخراجات کے مقاصد کونسے ہیں ؟

45. صنعت کار کے عمل (اہم کام) کی فہرست بنائیے ؟

**یا**

بینک کا کھاتہ کھولنے کے فوائد کی فہرست بنائیے۔

V. درج ذیل سوال کا جواب آٹھ جملوں میں لکھئے : 4

46. آزادی کی جدوجہد میں کسانوں کی احتجاجی تنظیموں نے نمایاں رول ادا کیا ہے ؟ سمجھائیے۔

VI. 47. ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : 1 + 3 = 4

a) اندرا کول

b) دریائے کاویری

c) دہلی

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 47 کی جگہ)**

ہمہ مقصدی دریائی منصوبہ کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟ 4